**09/04/2025**

**07.40 PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائنز**

***........وزیر اعظم نریندر مودی نے آب و ہوا کی تبدیلی کو دور جدید کا بڑا مسئلہ قرار //کہا دیر پا اور سادہ طرز زندگی میں اس کا حل مضمر۔**

***........پیار و محبت ، اخوت ، امن اور ہمدردی جیسے اقدار سماج کے اہم اثاثے //لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ۔**

***........قانون ساز اسمبلی کااجلاس غیر معائنہ عرصے کیلئے ملتوی//اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے احسن کارروائی کو یقینی بنانے کیلئے متعلقہ محکموں کا کیا شکریہ ادا ۔**

**اور**

*** ........چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے NEET-UG امتحانات کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران لیا جائزہ۔**

**وزیر اعظم**

**وزیر اعظم نریند رمودی نے آب و ہوا کی تبدیلی کو دور جدید کا ایک بڑا مسئلہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس مسئلے کا حل جین برادری کی طرف سے صدیوں تک اختیار کئے گئے دیر پا طرز زندگی میں مضمر ہے ۔ نئی دلی میں آج نو کار مہا منترا دیوس کے سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ جین برادری ایک لمبے عرصے تک سادگی ، نظم وضبط اور دیر پائیت کے ساتھ زندگی گذارتی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پر پوری دنیا کا بھروسہ ہر گذرتے دن کے ساتھ گہرا ہوتا جا رہا ہے اور بھارت کی کاوشیں دیگر ممالک کیلئے ایک ترغیب کا باعث بن رہی ہیں۔**

**ایل جی**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے پیار محبت ، اخوت ، امن اور ہمدردی جیسے اقدار کو سماج کے اہم اثاثے قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان خصوصیات سے مالا مال انسان ، انسانیت کی بہتری کو**

یقینی بنانے میں کلیدی رول ادا کر سکتا ہے ۔ راج بھون جموں میں آج نو کار مہا منترا دیوس تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نو کار مہا منترانسان میں مثبت تبدیلی لانے اور روحانی اقدار کو بلندیوں تک لے جانے میں اہم ثابت ہو رہے ہیں۔ ان تقریبات میں108ممالک سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی۔ اس موقعے پر اپنے خطبے میں لیفٹنٹ گورنر نے کہا ۔

اسپیکر

جمونکشمیر قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج ایوان کی کارروائی کو غیر معائنہ عرصے تک کیلئے ملتوی کر دیا ۔ 21دنوں پر مشتمل بجٹ اجلاس 3مارچ کو لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے خطبے سے شروع ہوا تھا اور یہ آج اختتام پذیر ہوا ۔ اسپیکر موصوف نے تفصیلات دیتے ہوئے کہاکہ اس اجلاس کے دوران 1ہزار3سو55سوالات موصول ہوئے جن میں سے 154بنیادی سوالات اور 353ضمنات کا جواب دیا گیا ۔انہوں نے اجلاس کی احسن کارروائی کو یقینی بنانے میں ریڈیو ، دور درشن اور دیگر متعلقہ محکموں کا شکریہ ادا کیا۔

عمر بل

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے کہا ہے کہ وقف ترمیمی ایکٹ سے جمونو کشمیر میں اکثریتی فرقے کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔جموں میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا۔

پولے

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے بڈگام اور نگروٹہ اسمبلی حلقوں میں ضمنی انتخابات کرانے کی ایک کڑی کے طور پر ان حلقوں میں خصوصی سمری رویژن کرانے کا عمل شروع کیا ہے ۔ جموں کشمیر کے چیف الیکٹورل آفیسر پی کے پولے نے ان حلقوں کے تمام اہل ووٹروں پر زو دیا ہے کہ وہ چناؤ فہرستوں میں اپنی تفاصیل کو اپ ڈیٹ کریں تاکہ چناؤ عمل میں ان کی شرکت یقینی بن سکے ۔ آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج جموں میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران مختلف ضلعوں میں منعقد ہونے والے NEET-UG-2025 امتحانات کے سلسلے میں کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا ۔ انہو ں نے اس امتحان کے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے سول انتظامیہ اور نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی کے درمیان بہتر تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔ واضح رہے کہ یہ امتحان اس سال 4مئی کو منعقد ہو رہا ہے ۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ مضبوط قوم وجود میں لانے کیلئے خواتین کے حقوق کی پاسداری کرنا اور انہیں ہر صورت میں با اختیار بنانا وقت کی ضرورت ہے سرینگر میں آج ستری شکتی کی طرف سے منعقدہ کئے گئے وومن لیڈرس کنکلیو SKICC ۔ 2025کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے بعد ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر میں خواتین کی بہبود کیلئے ایک سینٹر قائم کیا جائے گا۔

اندرابی

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے آج ناگبل گاندربل میں ایک مقامی اسکول میں تعمیر کی گئی نئی سائنس لیبارٹری کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر انہوننے طلباءکے ساتھ بات کی ۔انہوننے کہاکہ قومی تعلیمی پالیسی نے تعلیمی منظرنامہ میں ایک مثبت بدلاؤ لایا ہے ۔ ڈاکٹر درخشاں نے طلباءپر زور دیا کہ وہ اپنے آپ کو ڈیجیٹل انڈیا مشن اور سکل انڈیا مشن جیسے اہم پروگراموں سے واقف کرائیں ۔ انہوننے اختراعی ماڈل بنانے والے طلباءکی عز ت افزائی کی ۔

PM Waves

وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ ممبئی میں یکم مئی سے چار مئی تک منعقد ہونے والے WAVES اجلاس سے بھارتی کلاکاروں کو با اختیار بنانے اور ان کے مواد کو عالمی سطح تک لے جانے میں مدد ملے گی ۔ انہوں نے کہا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

نمائش

نئی دلی کے نیشنل میوزم میں نیشنل میوزم اینڈ سینٹر فار ہمالین ایشیاءاسٹیڈیز اینڈ انگیجمنٹ کے اشتراک سے "Ambaran" موضوع کے تحت اپنی نوعیت کی ایک منفرد فوٹو نمائش کا اہتمام کیا جا رہا ہے ۔ جموں کشمیر کے وزیر ستیش شرما اور خارجی امور کی سابق مرکزی وزیر مملکت میناکشی لیکھی نے دو اپریل کو مشترکہ طور اس نمائش کا افتتاح کیا۔یہ نمائش نو مئی تک جاری رہے گی ۔ ایک سینئر صحافی اور فوٹو گرافر وجے کرانتی نے اس فوٹو نمائش کی اہمیت کے تعلق سے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

### مہجور

شاعر کشمیر غلام احمد مہجور کی 73ویں برسی کے سلسلے میں آج متعدد تقاریب کا انعقاد کیا گیا ۔ جموں کشمیر مہجور فاؤنڈیشن اور ڈسٹرکٹ کلچرل سوسائٹی پلوامہ کی طرف سے مہجور میموریل ہائر اسکنڈری اسکول پلوامہ میں ایک تقریب کا انعقادکیا گیا جس دوران مقررین نے شاعر کشمیر کو خراج عقیدت ادا کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے ادبی کارناموں پر روشنی ڈالی۔ اس موقعے پر مہجور فاؤنڈیشن کے صدر ابدال مہجور نے پلوامہ کے ہمارے نمائندے میر نذیر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

### منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس ضمن میں جب ہم نے سابق CMO بڈگام ڈاکٹر محمد ایوب فتح خان سے بات کی تو انہوں نے کہا ۔

### پولیس

پولیس نے منشیات کے خلاف جنگ کوجا ری رکھتے ہوئے سوپور سے دو ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔

اُدھر بانڈی پورہ اور بارہمولہ میں منشیات مضر اثرات سے متعلق دو بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔

### ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں نے تریکوٹہ نگر جموں کی اُس وقت کی کارپوریٹر جو تی دیوی اور انکے شوہر کے خلاف رشوت خوری کے ایک معاملے میں سپیشل جج اینٹی کورپشن جموں کی عدالت میں چارج شیٹ داخل کیا ہے۔

### CRPFدن

آج CRPF Valorدن منایاجا رہا ہے۔آج کے دن 1965میں CRPF کے بہادر جوانوں نے Rann of Kutch مینبہادری کے ساتھ حملہ آوروں کا مقابلہ کرکے سردار پوسٹ کو بچایا تھا CRPF کے جوانوں کی بہادری کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فورس لوہے کی دیوار بن کر ملک کی سلامتی کو یقینی بنانے میں ایک اہم رول ادا کرتے ہیں۔ -اس دن کے موقعے پر وزیر داخلہ امت شاہ نے

**پوشن پکھواڑہ**

خواتین اور بچونکی ترقی کی وزارت نے ملک بھر میں پوشن پکھواڑے کا ساتواں شمارہ شروع کیا ہے۔ 22اپریل تک جاری رہنے والی اس مہم کے تحت ملک بھر میں غذائیت میں بہتری لانے کی طرف خصوصی توجہ دی جائے گی اور عام لوگونمیں معیاری غذا کے بارے میں جامع بیداری پیدا کی جائے گی ۔

**جتیندر سنگھ**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی دس روز بعد یعنی19اپریل کو دریائے چناب پر دنیا کے سب سے اونچے ریلوے پُل کا افتتاح کریں گے ۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کوریل کے ذریعے جوڑنے سے سیاحتی سرگرمیوں اور تجارت کو فروغ ملنے کے ساتھ ساتھ وکست بھارت2047کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں بھی مدد ملے گی ۔

**فاروق تعزیت**

راجپورہ غلام قادر میر کی31ویں MLA نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے سابق ترال محمد سبحان بٹ کی33ویں برسی پر انہیں خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ MLA برسی اور سابق انہوں نے شعیہ عالم دین آغا سید عبدالباقی رضوی کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہا رکیا ہے۔

**کولگام**

کولگام کے میو نسپل کونسل نے سرکاری اراضی سے ناجائز قبضہ ہٹانے کی غرض سے آج ڈپٹی کمشنر کولگام عامر اطہر خان کی قیادت میں ایک زور دار مہم چلائی جس دوران 10 کنال اراضی پر سے قبضہ ہٹایا گیا اور اس اراضی کو اب عوامی بہبود کے کاموں میں استعمال میں زاہد سجاد نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ CEO لایا جائے گا۔ میونسپل کونسل کولگام کے غیر قانونی طور پر قبضہ میں لی گئی سرکاری زمین کو خالی کریں بصورت دیگر انکے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

**کابینہ**

وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت مینمنعقدہ مرکزی کابینہ کی میٹنگ کے دوران کئی اہم پروجیکٹوں کو منظوری دی گئی ۔ ان مینپردھان منتری کرشی سینچائی یوجنا کے تحت کمانڈ ایریا ڈیولپمنٹ اینڈ واٹر منیجمنٹ کی جدید کاری ، 19کلو میٹر لمبا چھ گلیاروں والا زیرک پور بائی پاس پروجیکٹ اور تیرو پتی -پکالا - کٹپادی سنگل ریلوے لائن کی ڈبلینگ کا پروجیکٹ شامل ہے۔

## مرمو

بھارت اور سلواکیہ نے مختلف شعبوں میں اشتراک کو آگے بڑھانے سے متعلق دو مفاہمت میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور Bratislavaناموں پر دستخط کئے ہیں۔ ان معاہدوں پر کے درمیان میٹنگ کے بعد دستخط کئے گئے۔ اس سے پہلے Pellgriniسلواکیہ کے صدر پیٹر آج صبح دو ملکوں کے دورے کے دوسرے پڑاوٴ پر صدر جمہوریہ سلواکیہ کی راجدھانی پہنچ گئیں جہاں اُن کا والہانہ استقبال کیا گیا۔Bratislava

## RBI

ریزرو بینک آف انڈیا کی مانیٹری پالیسی کمیٹی نے لگاتار دوسری مرتبہ پالیسی ریٹس میں کمی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کمیٹی نے پالیسی ریپو ریٹ میں مزید 25بیسز پوئنٹس کی کمی کرکے اسے چھ فیصد تک ہٹانے کا فیصلہ کیاہے۔

## موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 19ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12اعشاریہ2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت24اعشاریہ1ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر6منٹ پراور

غروب آفتاب شام6بجکر58منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

..............................................

..............................

...............